# پی سی بی، اسلام آباد یونائیٹڈ کے 4 کھلاڑیوں کی بحفاظت واپسی کے لیے تمام سہولیات فراہم کرے گا

**لاہور، 13 مارچ 2020ء:**

پاکستان کرکٹ بورڈ کی جانب سے کھلاڑیوں کو ایچ بی ایل پی ایس ایل 2020 کے بقیہ میچوں سے دستبرداری کی آپشن دئیے جانے کے بعد اسلام آباد یونائیٹڈ کے اسکواڈ میں شامل 4 کھلاڑیوں اور ایک اسپورٹ اسٹاف رکن نے وطن واپسی کا فیصلہ کیا ہے۔

اسلام آباد یونائیٹڈ کےاسکواڈ سے دستبردار ہونے والے کھلاڑیوں میں کولن منرو، ڈیل اسٹین، ڈیوڈ ملان اور لیوک رونکی کے علاوہ ٹرینر کورے روٹگئیرز کے نام شامل ہیں۔

پاکستان کرکٹ بورڈ ان تمام اسکواڈ ممبرز کی بحفاظت وطن واپسی کے لیے ہر ممکن سہولیات فراہم کرے گا۔ اسلام آباد یونائیٹڈ کی ٹیم کو اپنا آخری گروپ میچ 14 مارچ کو نیشنل اسٹیڈیم کراچی میں کراچی کنگز کے خلاف کھیلنا ہے۔

ایچ بی ایل پی ایس یل 2020 کے قوانین کے مطابق اسلام آباد یونائیٹڈ کی انتظامیہ دستبردار ہونے والے کھلاڑیوں کے متبادل ناموں کی منظوری ایونٹ ٹیکنکل کمیٹی سے حاصل کرسکتی ہے۔

– ENDS –

Media contact:

**Ibrahim Badees Muhammad**
Editor – Urdu Content
Media and Communications
E: ibrahim.badees@pcb.com.pk
M: +92 (0) 345 474 3486
W: www.pcb.com.pk

Partners

www.psl-t20.com
@thePSLt20
@thePSL
PakistanSuperLeague
@thepsl

PCB Headquarters
Gaddafi Stadium,
Ferozepur Road, Lahore
Pakistan, PO Box 54000
T: +92 42 3571 7231-4